15/04/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **تجمل احمد** سے خبریں سُنئے

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ ان کی سرکار جموں کشمیر میں سیاحت کے سیکٹر میں نئی پیشکشوں اور نئے سیاحتی مقامات کو متعارف کر کے شعبہ سیاحت کو ایک نئی سمت دینے کی منشا رکھتی ہے ۔

نئی دلی میں انڈین چیمبر آف کامرس کی طرف سے سیاحت سے متعلق منعقد کردہ ایک خصوصی سیشن میں انہوں نے کہا کہ ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ جموں کشمیر کی سیر پر آنے والے تمام سیاحوں کو یہاں کی قدرتی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ مالا مال ثقافت کا ایک بہترین تجربہ لے کر جائیں۔

تقریب کے حاشیے پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ان کی پارٹی نے وقف ترمیمی قانو ن کو چیلنج کرنے کے لئے سپریم کورٹ میں ایک عرضداشت داخل کی ہے ۔

ان کے ہمراہ صلاحکار ناصر اسلم وانی اور MLA ٹنگمرگ فاروق احمد شاہ بھی تھے۔

جتیندر سنگھ

وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ من کی بات میں نریندر مودی کے قول کے مطابق Lavender کی کاشت کاری یہاں کی معیشت میں انقلاب لا رہی ہے، جو کہ اپنی خوشبو کے لئے کافی جموں کشمیر میں مشہور ہے ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں Lavender کے پھولوں کی ایک ویڈیو مشترک کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا ہے کہ Purple رنگ کا یہ انقلاب جموں کشمیر کی وادیوں کو مواقعوں کی وادیوں میں تبدیل کر رہا ہے ۔

انہوں نے کہا کہ اس سے روزگار کے مواقعے ، آمدنی ، سیاحت اور خود انحصاری کی راہیں ہموار ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ ادھمپور اور ڈوڈہ اضلاع میں Lavender کے کاشتکار خوشیاں منا رہے ہیں کیونکہ ان پھولوں کی عالمی سطح پر مانگ زبردست بڑھ رہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ایک ہزار 3 سو سے زیادہ ہیکٹئیر اراضی کے رقبے پر یہ کاشت کاری کی جا رہی ہے ۔

چودھری

نائب وزیراعلیٰ سریندر چودھری نے کہا ہے کہ سرکار عوامی شکایات اور مسائل کی چارہ جوئی کے لئے پر عزم ہے۔ وہ جموں کے لام نوشہرہ میں ایک عوامی دربار میں بول رہے تھے ، جس دوران انہوننے تمام جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پرحل کرنے کا یقین دلایا۔

نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ عمر عبداللہ کی زیر قیادت جموں کشمیر سرکار عوامی بہبود اور بہتر حکمرانی کے تئیں کمر بستہ ہے ۔ انہوں نے اس موقعہ پر نو شہرہ کے راستے کالا کوٹ سے جموں تک بس سروس کو بھی ہر جھنڈی دکھائی ۔

جاوید احمد رانا

قبائلی امور اور جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہا ہے کہ مقامی لوگوں کے مسائل کی بر وقت چارہ جوئی کے لئے حکومت پُر عزم ہے ۔ وہ ادھمپور کے کوٹلا موڑ میں منعقدہ ایک عوامی دربار سے خطاب کر رہے تھے ۔

اس موقعہ پر علاقے سے تعلق رکھنے والے متعدد افراد اور وفود نے اپنے مسائل وزیر موصوف کی دانست میں لا کر ان کے حل کے لئے وزیر کی مداخلت طلب کی ۔

یاترا

سالانہ امر ناتھ جی یاترا 2025 کے لئے رجسٹریشن کا عمل آج جموں سے شروع ہو گیا ۔ تفصیلات کے مطابق یاترا 2025 کے لئے ملک کی 533 مختلف بنک شاخوں میں اندراج کرایا جا سکتا ہے ۔

واضح رہے کہ اس سال 13 سے 70 سال کی عمر کے شردھالو امر ناتھ یاترا پر آ سکتے ہیں۔

فائر سروسز

جموں کشمیر بھر میں ہفتہ فائر سروسز کی مناسبت سے مختلف سطحوں پر جانکاری پروگراموں کا انعقاد جاری ہے۔ کل فائر سروسز ڈے کے موقعہ پر ان اہلکاروں کی بہادری اور قربانیوں کو یاد کیا گیا، جنہوننے آگ بجھانے کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے۔

فائر سروسز ہفتے کے پہلے روز گاندھی نگر جموں میں محکمے کے ہیڈ کوارٹر پر ایک تقریب منعقد ہوئی ۔ اس موقعہ پر فائر اینڈ ایمر جنسی سروسز جموں کشمیرکے ڈائریکٹر Alok Kumar نے ہفتہ فائر سروسز کے سلسلے میں سرگرمیوں کا ایک خاکہ جاری کیا ۔

ملاقات

ریاسی کے رکن اسمبلی کلدیپ راج
دو

بے نے راج بھون جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کر کے ان کے ساتھ اپنے حلقہ انتخاب سے جُڑے کئی ¾ ترقیاتی اور عوامی نوعیت کے معاملات پر تبادلہ خیال کیا ۔

دریں اثناءآل سکھ مائنارٹی ایمپلائیز ایسو سی ایشن اور آل ایمپلائیز جوائنٹ ایسو سی ایشن جموں کشمیر کی چیر پرسن جگمیت کور بالی نے بھی لیفٹنٹ گورنر سے ملاقات کر کے ان سے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا ۔

ٹولپ

سرینگرمیں قائم باغ گلِ لالہ مینان دنوں سیلانیونکی جوق در جوق آمد کا سلسلہ جاری ہے ۔ کل بیسویں روز48 ہزار 820 سیلانیوں نے ایشیا کے اس سب سے بڑے ٹولپ گارڈن کی سیرکی ۔

اس طرح کل شام تک مجموعی طور پر 6 لاکھ71 ہزار سے زیادہ سیاح ٹولپ گارڈن کا نظارہ کر چکے ہےں ۔

ان میں مقامی ، ملکی اور غیر ملکی سیاح شامل ہیں۔

سافٹ بال چمپئین شپ

گریز کے ممبر اسمبلی نذیر احمد خان (گریزی) نے بخشی اسٹیڈیم سرینگر میں دسویں انٹر زونل نیشنل سافٹ بال چمپئین شپ کا افتتاح کیا ۔ تین روز تک جاری رہنے والی اس چمپئین شپ میں ملک بھر سے تعلق رکھنے والے ایتھلیٹ حصہ لے رہے ہیں جن کے لئے جموں کشمیر سپورٹس کونسل اور J&K سافٹ بال ایسو سی ایشن نے مناسب انتظامات کئے ۔

کانفرنس

گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر کے شعبہ سوشل اینڈ پریونیٹو میڈسن کی طرف سے منعقدہ انڈین ایسو سی ایشن آف پریونیٹو اینڈسوشل میڈسن کی 52 ویں تین روزہ سالانہ قومی کانفرنس اختتام پذیر ہوگئی ہے۔

اس کانفرنس میں13سو سے زائد ڈیلی گیٹوں کے علاوہ قومی میڈیکل کمیشن کے صدر پروفیسر بی این گنگا دھر ، ڈاکٹر انا راؤ کلکرنی اور ڈاکٹر پُرشوتمگیری نے ماہرین کی حیثیت سے شرکت کی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ